تبصرے اور تاثرات

❁ **اردو بک ریویو**، نئی دہلی، (انڈیا) ستمبر/اکتوبر ۲۰۰۱ء

برصغیر ہندوپاک بنگلہ دیش اور نیپال سے اردو زبان میں جو رسائل شائع ہوتے ہیں ان میں سیرت پاک پر مضامین ضرور شامل ہوتے ہیں۔ ان میں بعض رسائل نے سیرت نمبر بھی شائع کئے ہیں۔ ان میں نقوش کا سیرت نمبر خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ اعزاز سید فضل الرحمٰن صاحب کے حصے میں آیا کروہ ایک مجلّہ خاص اس موضوع پر شائع کررہے ہیں۔ ویسے تو اس شمارے میں شامل سارے مضامین معیاری ہیں۔ تحقیقی اعتبار سے بھی اور زبان اور بیان کے اعتبار سے بھی اعلیٰ معیار پیش کرتے ہیں، لیکن ڈاکٹر سید ابوالخیر کشفی کا مضمون ''مقام محمد ﷺ قرآن کریم کے آئینے میں'' اور مولانا اکرام اللہ جان قاسمی کا مضمون ''سیرت کی تعریف اور حدود وقیود'' خاص اہمیت کے حامل ہیں۔

خاص کر سیرت پاک پر مجلّے کی اشاعت جہاں ایک عظیم الشان کام ہے وہیں یہ خطرات سے بھری ہوئی راہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے حفظ وامان میں رکھے، مدیران اور اس میں شرکت کرنے والوں کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

خاص سیرت پاک پر مجلّے کی اشاعت اردو زبان کے لئے نیک فال اور باعث فخر ہے اور یہ اس بات کا اشارہ بھی ہے کہ یہ زبان کبھی مر نہیں سکتی نہ ہندوستان میں اور نہ پاکستان میں۔ ہندی زبان کا مفاد بھی اسی میں ہے کہ اردو ترقی کرے۔ سیرت پاک پر خصوصی مجلّے کی اشاعت ایسا بابرکت اقدام ہے جس پر ناشر اور ادارے کو مبارکباد دینا ایک خوشگوار فریضہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے دوام بخشے۔ آمین۔

❁

Alsera.T

فرائڈے اسپیشل، کراچی، ۳۰/نومبر ۲۰۰۱ء

سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کا نقیب، علمی و تحقیقی مجلّہ ششماہی السیرہ عالمی کا شمارہ نمبر ۶ رمضان ۱۴۲۲ھ، نومبر ۲۰۰۱ء شائع ہوکر برائے مطالعہ بازار میں دستیاب ہے۔ السیرہ پر پہلے بھی تفصیل سے تبصرہ آچکا ہے۔ موجودہ شمارے میں بھی سیرت سے متعلق وقیع مضامین اور مقالات شامل کئے گئے ہیں

مولانا ابوالجلال ندوی اور ڈاکٹر عبدالحلیم چشتی صاحبان کے مضامین کافی طویل ہیں اور علمی اور تحقیقی ہیں۔ خوبصورت ٹائٹل سے مزین یہ شمارہ وقت پر شائع ہوا ہے، ٹائٹل پر مرحوم خطاط سید محمد رضی دہلوی کا نمونہ صلّو علیہ وآلہ شائع کیا گیا ہے۔ السیرہ نے اس شمارے میں بھی اپنی اعلیٰ علمی اور دینی روایت کو قائم رکھا ہے۔

❁

پروفیسر علی محسن صدیقی، پروفیسر (ر) علوم اسلامیہ و تاریخ اسلامی، کراچی یونیورسٹی، کراچی

مجلّہ ششماہی ''السیرۃ عالمی'' ایک معیاری دینی و ادبی رسالہ ہے اور اس کے ذریعے دین اور زبان اردو کی جو خدمت کی جارہی ہے وہ قابل قدر ہے، جناب حافظ سیّد فضل الرحمٰن صاحب اور عزیزم سیّد عزیز الرحمٰن سلمہٗ لائق تحسین وتبریک ہیں۔

❁

عبدالحی ابڑو، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تازہ شمارہ ہر لحاظ سے خوب ہے، مضامین میں خوب جدت اور تنوع ہے۔ پیشکش کا انداز بھی دلکش اور پرتاثیر ہے۔ آپ نے ماشاءاللہ اس کٹھن سفر میں بڑی عزیمت دکھائی ہے۔ اللہ تعالیٰ کاوشوں میں برکت ڈالے اور شرف قبولیت سے نوازے۔

❁